رجسٹرڈ نمبر ایل: 2927

ماہنامہ

ہومیوپیتھک میگزین

لاہور

بانی

ڈاکٹر محمد مسعود قریشی

1996

جلد نمبر 66 اگست شمارہ نمبر 8

مسلسل اشاعت کا 66 واں سال　　　　رجسٹرڈ نمبر ایل، 2927

جلد نمبر　　　　شمارہ نمبر 8　　　　اگست 1996

گھر کا بھیدی لنکا ڈھائے

برٹش میڈیکل جرنل کی ایک تحقیقاتی رپورٹ کے مطابق انگلستان اور ویلز میں ہنگامی بنیادوں پر امراض قلب کی امدادی ٹیموں میں مصروف کار اکثر و بیشتر معالجین انتہائی گھٹیا پیشہ ورانہ قابلیت اور معیار کے حامل پائے گئے ہیں۔

ہمارے ہاں صاحب ثروت اور مراعات یافتہ طبقہ میں یہ بات "STATUS SYMBOL" کا درجہ اختیار کر چکی ہے کہ دل کے معمولی عارضہ کے علاج و معالجہ کی خاطر ملکی امراض قلب کے ماہرین سے مشورہ کرنے کی بجائے برطانوی معالجین سے علاج کرانے پر ترجیح دی جاتی ہے۔ جن کی قابلیت کا پول برٹش میڈیکل جرنل نے کھول کر رکھ دیا ہے۔

یہاں پر بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کے اس ضمن میں ان کے طرز عمل کا ذکر بے محل نہ ہوگا۔ زیارت میں اپنی جان لیوا علالت کے دوران جب ان کے معالجہ کے لئے غیر ملکی معالجین کو پاکستان بلوانے کی تجویز ان کے سامنے پیش کی گئی تو انہوں نے ایسا کرنے سے سختی سے منع کر دیا اور پاکستانی معالجین سے علاج کروانے پر ترجیح دی۔

قائداعظم کے ارشادات کی روشنی میں ضرورت اس امر کی ہے کہ متذکرہ بالا رجحان کی حوصلہ شکنی کی جائے اور معمولی تکالیف کے لئے غیر ممالک میں علاج و معالجہ کی عیاشی پر فی الفور پابندی لگائی جائے۔

کلکیریا فاسفوریکم
CALCAREA PHOSPHORICUM

(Phosphate of Lime)

ہومیو پیتھک ڈاکٹر ملد الیاس مسعود، ڈی ایچ ایم ایس

کلکیریا فاس چونے کے پانی میں محلول سلفیورک ایسڈ ٹپکانے سے بنایا جاتا ہے۔

عام علامات: چھریرے بدن کے اور لاغر بچوں میں تالو کا بند ہونا یا پھر کھل جانا اور سر پر پسینہ آنا۔

اسہال یا التہاب معوی قولونی امعاء آنتوں اور قولوں کی سوزش' پاخانہ بڑے قراقر اور پڑ پڑ کی آواز سے خارج ہو۔

مفاصلی یا جوڑوں کی تکالیف جو بہار یا بارش کے موسم میں بڑھ جاتی ہوں جبکہ ہوا پگھلتی ہوئی برف سے لدی ہوئے چلے۔

دبلا۔ پتلا بچہ۔ کمی خون کا مریض: معلوم ہوتا ہے کہ کلکیریا کی ترکیب میں فاسفورس کا عنصر اپنی خاصیت تبدیل کر دیتا ہے کیونکہ ایک طرف تو یہ اپنی عجیب شفا بخش طاقت ہڈیوں کی ست نشوونما پر قائم رکھتی ہے' دوسری طرف موٹے آدمیوں کے برخلاف چھریرے بدن کے مریضوں پر بہترین عمل کرتا ہے اسی لئے اگر ہم کسی بچے کو بیمار دیکھیں۔ جس کا تالو عرصہ سے کھلا ہوا ہو یا ایک بار بند ہونے کے بعد پھر کھل جائے بچہ دبلا پتلا اور کمی خون کا مریض ہو تو ان حالات میں ہمیں کلکیریا فاس کا خیال آنا چاہئے۔

کلکیریا اور سلیشیا کا امتیاز: ایسے ناقص نشوونما والی علامات مرض میں ایک آدھ علامت ایسی بھی ہو سکتی ہے جس میں سلیشیا کا بھی خیال آنا چاہیے۔ مگر کلکیریا اور سلیشیا دونوں میں فرق یہ ہے کہ کلکیریا فاس میں سر کا عرق آلود (پسینہ سے تر) ہونا کوئی نمایاں علامت نہیں اور سلیشیا میں یہی ایک امتیازی علامت ہے کلکیریا خاص میں بھی ایک خاص قسم کی خواہش پائی جاتی ہے۔ یعنی چھوٹا یا کمسن مریض انڈوں کی خواہش کرنے کی بجائے "بھنے ہوئے گوشت" کی خواہش کرتا ہے جو ایک بہت انوکھی مگر سچی خواہش ہوتی ہے (میگنیشیا کارب خنازیری مزاج کے بچے گوشت کے لئے ترستے ہیں اور بڑی التجا کے ساتھ خواہش کرتے ہیں)۔

گرمی کے دست: اسہال یا گرمی کے دست بھی اس دوا کی بہت نمایاں علامت ہے' پاخانے سبز اور پڑ پڑ کی آواز کے ساتھ خارج ہوتے ہیں' یہ کیفیت بکثرت ریاح کی وجہ سے ہوتی ہے (اور ریاح کے ساتھ جب پاخانہ ہوتا ہے تو بہت زور کی آواز سے ہوتا ہے) میں نے اس قسم کے مریضوں میں ایسے مواقع پر بھی اس دوا سے بعض بہت اچھے علاج کئے ہیں جن میں بچے کے بچنے کی بہت کم امید تھی اور سر میں پانی جمع ہو جانے کا خطرہ منڈلاتا نظر آرہا تھا' یہ کم عمر مریض جسامت میں سکڑے ہوئے اور دبلے تھے ان میں خون بہت کم معلوم ہوتا تھا' گویا وہ سوکھے کی بیماری میں مبتلا تھے۔

مفاصلی تکلیف: کلکیریا فاس مفاصلی جوڑوں کی تکالیف میں ایک اچھی دوا ہے' بہار اور بارش کے موسم میں خصوصاً ایسے وقت جبکہ ہوا سرد اور برفباری کی وجہ سے نمناک ہو اس کی علامات شدت اختیار کر لیتی ہے۔

شکستہ ہڈیاں جب جڑتی نظر نہ آئیں تو ان کے لئے بھی کلکیریا فاس بہت عمدہ دوا ہے۔

سکول کی طالبات کا درد سر: سکول کی طالبات جو کمی خون کے ساتھ درد سر میں مبتلا ہوں' میں نے ان کے درد سر کے لئے کلکیریا فاس کو بہت مفید پایا ہے۔ ایسی صورت میں ہمیں بعض اوقات کلکیریا فاس اور نیٹرم میور کے درمیان امتیاز کرنا پڑتا ہے۔

مریض کو جب تکالیف کا خیال آئے تو درد سر زیادہ ہونا شروع ہو جائے' تو ایسے سر درد کی دیگر دوائیں اگزالک ایسڈ' ہیلو نیاس ہیں۔

اختصار

خلاصہ علامات کلکیریا فاس: پتلے دبلے بچے جن کا تالو دیر تک پیوست نہ ہو' (پسینہ آور ہو تو سلیشیا) گوشت کی خواہش (میگنیشیا کارب) انڈوں کی خواہش ہو تو کلکیریا کارب بچہ دن بدن سوکھتا ہی چلا جائے۔

عوارض کے متعلق سوچنے سے ان کی شدت زیادہ محسوس ہو (اوگزیلک ایسڈ۔ ہیلو نیاس)

تعلقات

معاون: روٹا کلکیریا فاس کے خواص مندرجہ ذیل دواؤں کے مساوی ہیں۔ کاربو اینی میلس

کلکیریا فلور۔ کلکیریا کارب۔ فلورک ایسڈ اور کیلی فاس کسی حاد مرض کے بعد کی نقاہت کے بارے میں سوارانیم سے ملتے جلتے ہیں۔ اسی طرح اکثر خواص سلیشیا سے بھی ملتے ہیں۔ لیکن سر پسینہ کلکیریا فاس میں نسبتاً کم ہوتا ہے۔

کلکیریا فاس اگر آیوڈین میں سورانیم سیلنی کیولا۔ سلفر سے پہلے دیا جائے تو بہتر اور اگر آرسینکم۔ آیوڈین اور ٹیوبر کلینم کے بعد دیا جائے جب بھی بہتر اثر کرتا ہے'

شدت مرض: رطوب سرد ہوا لگ جانے سے۔ موسم کی تبدیلی سے' پاکستان میں شمالی سرد ہواؤں سے جو برف کی نمی اور سردی سے لدی ہوئی چلتی ہیں۔ سوچ بچار سے درد سر۔

افاقہ مرض: موسم گرما میں' گرم خشک موسم میں

طاقت: 6 - 30

کلکیریا ہائپوفاسفوریکا CALCAREA HYPOPHOSPHORICA

گھٹنے کے جوڑوں کے اندر پھوڑے: ایک دفعہ ایک مریض میرے علاج میں آیا۔ جس کے حالات حسب ذیل تھے یہ ایک آٹھ سال کی عمر کا لڑکا تھا جس کے گھٹنے کے جوڑ کے اندر اور اس کے اطراف میں پھوڑے تھے' پھوڑوں کا مادہ پنڈلی اندرونی ہڈی (قصبہ الکبری) میں بھی سرایت کر چکا تھا یہ ہڈی آدھی گل چکی تھی' مردہ ہڈی جلد سے باہر ابھر آئی تھی اور صاف طور پہ دکھائی دیتی تھی یہ کم سن بچہ بہت دبلا ہو چکا تھا' اسے بھوک بالکل نہ لگتی تھی اور مردہ کی طرح زرد ہو رہا تھا۔ میں نے اس کی بات سن کر یہ کہا کہ اس کے علاج کے لئے سرجن (جراح) کی ضرورت ہے مگر میں کوشش کروں گا کہ اس کی حالت اتنی درست ہو جائے کہ وہ اپریشن کے قابل ہو جائے اس موقع پر مجھے یاد آیا کہ میں نے کئی سال پہلے ڈاکٹر سیر کیس کا باشندہ الہٰی کے معالجات کا ذکر پڑھا تھا' جس میں انہوں نے اس دوا کے ذریعہ پھوڑوں کو شفا بخشنے کا حالات بیان کئے تھے یہاں تجربے کے طور پر مجھے خیال آیا کہ اس مریض پر کلکیریا ہائپو فاسفوریکا کی آزمائش کی جائے چنانچہ میں نے مریض کو پہلی طاقت کا سفوف دینا شروع کیا اور اسے روزانہ ایک گرین دوا دیتا رہا ایک ہفتے کے بعد معائنہ کیا گیا تو مریض کی حالت بڑی بدلی ہوئی اور بہتر نظر آئی میں جیسے ہی ان کے گھر پہنچا' اس کی ماں چلا کر بولی "ڈاکٹر صاحب لڑکے کی بھوک تو اتنی بڑھ گئی ہے کہ سب کچھ چٹ کئے ڈالتا ہے"۔ غرض اس دوا کے مسلسل استعمال سے اسے کامل اور عاجلانہ شفا

ہو گئی، البتہ پنڈلی اندرونی ہڈی ذرا جھکی رہ گئی، اس وقت سے میں نے اس دوا کو بعض بڑے بڑے ورموں کے دفعیہ کے لئے استعمال کیا۔

بڑے ورم جن میں پیپ بن گئی: وہ ورم جن میں پیپ بن گئی تھی، اس کے اثر سے پیپ پوری طرح اندر ہی اندر جذب ہو گئی ور جلد پر پھوڑے کا کوئی منہ نہ بنا۔

کولھے کی ہڈی کا مریض: اسی طرح ایک اور ریض کولھے کی ہڈی کی شکایت سے آیا، اس کے زخموں کو ایک ماہر خصوصی نے ناقابل علاج قرار دے دیا تھا لیکن وہ بھی کلکیریا فاسفوریکا کے استعمال سے اچھا ہو گیا۔

بہر حال کلکیریا کی قسم کے مختلف مرکبات کو اس طرح آزمانا اور تجربہ کرنا چاہیے کہ ہم ان میں سے ہر ایک کو اس کی صحیح جگہ دے سکیں، اسی طرح کالی نام کی میگنیشیا اور نیٹرم اور مرکوری کے اقسام کی تمام ادویہ کو الگ الگ بھی آزمانا چاہیے،

تعلقات

ملاحظہ ہو بیان کلکیریا کارب طاقت مستعمل: ۸۷ یا ۳۰

کلکیریا سلفیوریکا CALCARIA SULPHURICA

(Gypeum)

پیپر سلفر کے طرز کی دوا محرابی گردہ میں درد: یہ دوا شلر کے نمکیات جسم حیوانی میں سے ہے، جسے ہنوز اچھی طرح سمجھا نہیں گیا، مگر جہاں تک مجھے علم ہے یہ دوا زیادہ تر ہیپر سلفر کے علامات کا علاج ہے ایک مرتبہ ایک ایسی مریضہ میرے زیر علاج آئی۔ جس کے محرابی گردہ میں ایک دن ایک رات سے سخت درد تھا اس کے ساتھ پیشاب میں پیپ بہت خارج ہوتی تھی، یہ حالت کئی دن سے جاری تھی، اور اس کی وجہ سے مریض کی کمزوری بڑی تیزی کے ساتھ بڑھ رہی تھی، مریضہ کا شہر کے ایک معالج خصوصی نے چند روز پہلے پیشاب کا امتحان کیا تھا، اور مرض برائٹ اضمحلال الکایہ تشخیص تھا میں نے آخر کار کلکیریا سلفیوریکا ۱۲ طاقت کا تجویز کیا، اس کے اثر سے مریضہ کی حالت فوراً سنبھلنے لگی، اور وہ بہت جلد اور مستقل طور پر شفایاب ہو گئی، اس وقت سے میں نے اس دوا کو مختلف قسم کے بیماروں میں جنہیں پیپ بکثرت آتی تھی بہت

مفید پایا ہے پس اس دوا کی نسبت میری ساری معلومات یہی ہیں۔

تعلقات

کلکیریا سلف کی مشابہت زیادہ تر ہیپر سلف کے علامات سے ہے لیکن کلکیریا سلف زیادہ گہرا اثر کرنے والی دوا ہے اورم یا پیپ جب موٹی جلد کے نیچے اندرون بدن پھیپھڑوں میں ناک جونوں میں، دانتوں کی جڑوں میں ہو تو اسے پکانے اور خارج کرنے میں مفید ہے،

طاقت مستعملہ : ۳x تا ۱۲x ۔ ۳۰ تا ۲۰۰

اینٹیموینم آرسینکم ANTIMONIUM ARSENICUM

(Arsenic of Antimony)

یہ دوا نمونیہ۔ انفلوئنزا اور برونکو نمونیہ میں مفید ہے جبکہ سینہ میں انٹم ٹارٹ کی طرح ڈھیلے بلغم کی خرخراہٹ ہو۔ بخار اور بیحد کمزوری ہو۔ دقت تنفس بے چینی ہو اور آرسینکم کی سی پیاس میں، مختصر یہ کہ جہاں اینٹی مونیم ٹارٹ اور آرسینکم کے مخلوط علامات کا ظہور ہو وہاں اینٹی مونیم آرسینکم استعمال کرنا چاہیے۔

بائیں جانب کے ذات الریہ اور ذات الجنب میں جس میں پیاس اور آنکھوں میں سوزش کے ساتھ چہرہ پر ورم ہو اور کھاتے یا لیٹتے ہی سینہ کے تکالیف بڑھ جائیں یہ دوا بالخاصہ مفید ہے۔

دمہ۔ سینہ میں خرخر کی آواز کھانسی اور سانس کیساتھ مندرجہ بالا علامات کی موجودگی میں اسکی ادنیٰ طاقتیں زود اثر ثابت ہوتی ہیں۔

متعلقہ دوائیں۔ مقابلہ کیجئے۔ برائی اونیا۔ سلفر۔ لوبیلیا۔ مرکیورس اور آرسینکم سے۔

معاون : اپیکاک۔

طاقت مستعملہ : ۳x سے ۳۰ تک۔

روحو پیتھی

شوکت تھانوی

میں عام طور پر مادی بیماریوں کا شکار رہا ہوں' یہ اور بات ہے کہ روحانی طور پر بھی مجھ کو بالکل تندرست نہ کہا جا سکے مگر غور تو کیجئے کہ میں ضعف معدہ' دوران سر' اختلاج قلب اور نکسیر پھوٹنے کے مرض کو روحانی امراض کہہ کر خوامخواہ گنہ گار ہی ہونا تو ہے اور ان مادی امراض کا روحانی علاج کرانا بھی میرے نزدیک ایسا ہی ہے جیسا کسی حکیم کو نقشہ کشی کا کام دے دیا جائے یا کسی نقاش سے اپنے لیے نسخہ لکھا لینا' مگر آپ کہتے ہیں کہ نہیں یہ بھی ایک طریق علاج ہے تو صاحب ہوگا۔ آپ کا کہنا درست ہے اور آپ کی معلومات مسلم۔ بہرحال جہاں تک میری ذات کا تعلق ہے مجھ کو سوائے ایک مرتبہ کے روحانی طریق علاج سے کبھی واسطہ نہیں پڑا اور اس ایک مرتبہ کا بھی اگر پوچھیے تو ذمے دار میں نہیں ہوں بلکہ والد صاحب مرحوم' خدا ان کو جنت نصیب کرے' اپنی خوش اعتقادی کی بنا پر اچھا خاصا یونانی طریق علاج چھوڑ کر روحانی طریق علاج کی طرف متوجہ ہوئے تھے اور میرا اس واقعے سے صرف اتنا تعلق تھا کہ میں مریض تھا اور یہ علاج' خدا مجھ کو معاف کرے' میرا ہی تھا۔

میں صحت کے اعتبار سے ہمیشہ ناقابل اعتبار رہا ہوں۔ پیدائشی مریض ہوں اور سوائے چند مہلک بیماریوں کے مثلاً طاعون' تپ دق اور فالج وغیرہ کے باقی بیشتر وبائی اور غیر وبائی امراض کا ذاتی تجربہ رکھتا ہوں مثلاً پیدائش کے وقت سے بلوغ تک ضعف معدہ کا شکار رہا اور اس حد تک اس مرض کی پذیرائی ہوئی کہ آخر کار ہیضے تک نوبت آگئی۔ بچ جانے اور نہ مرنے کا تعلق مرض یا موت کے علاوہ غیرت اور حمیت سے بھی ہوتا ہے۔ بہرحال سنا ہے کہ ہیضے میں نبضیں تک غائب ہو گئیں تھیں۔ نبضوں کا غائب ہونا ایک معتبر روایت ہے مگر اس سے زیادہ معتبر یہ حقیقت ہے کہ یہ خاکسار تا دم تحریر موجود ہے۔ اس ہیضے کے علاوہ بخاروں کی قسمیں اگر بیان کرنے بیٹھ گیا تو روحانی طریق علاج کا یہ نمبر بخار نمبر بن کر رہ جائے گا۔ ملیریا' ٹائی فائڈ اور انفلوئنزا تو وہ بخار ہیں جن کو میرے ایسے مسلم الثبوت دائم المرض کے لیے بیان کرنا بھی بڑا منہ اور چھوٹی بات معلوم ہوتا ہے۔ یہ بخار تو سب ہی کو ہوتے ہیں البتہ فائیلیریا کے سلسلے میں جو بخار شروع ہوا تھا اور جس کے متعلق قابل معالجین کا فیصلہ تپ دق کی صورت میں صادر ہو چکا تھا۔ اگر یہ بیان کر دیا جائے تو چنداں مضائقہ نہیں حالاں کہ اس پر بھی فخر و مباہات کی گنجائش نہیں ہے اور نہ دراصل ان تفصیلات میں پڑ کر میں یہ چاہتا ہوں کہ روحانی طریق علاج کے مبحث سے ہٹوں۔ عرض کرنے کا مطلب تو صرف یہ تھا کہ صحت ہمیشہ خراب رہی ہے' بچپن میں بھی اور نام خدا جوان ہونے کے بعد بھی۔

سنبھالا ہوش تو مرنے لگے دواؤں پر
حکیم ڈاکٹر آئے شباب کے بدلے

یہ سب کچھ سہی مگر علاج ہمیشہ یونانی اور ایلوپیتھی ہی ہوا۔ روحانیت کے سلسلے میں ہومیوپیتھی سے آگے کبھی خیال ہی پیدا نہ ہوا مگر جس واقعے کا حوالہ دیا تھا اس کا البتہ یونانی' ایلوپیتھی یا ہومیوپیتھی سے کوئی تعلق نہیں اور وہ تھا یقینی طور پر "روحوپیتھی" طریق علاج۔

یہ خاکسار ایک زمانے میں کچھ مجموعہ امراض سا بن کر رہ گیا تھا گویا والدین کے لیے مستقل عذاب تھا۔ ہر روز ایک نئے ڈاکٹر اور ہر شام ایک نئے حکیم کا علاج شروع ہوتا۔ کوئی چشمے کا پانی تجویز کرتا' کوئی فاقے پر فاقے کراتا' کوئی دن میں تین خوراکیں لکھ جاتا اور کوئی "عقب آں معجون خانہ ساز بنوشند" اور اس کے علاوہ کچھ نہ "خورند" کی ہدایت کر

جاتا مگر حالت روز بروز ابتر ہوتی جا رہی تھی۔ ان علاجوں کے علاوہ بارہ نیم کے تنکے، بارہ کالی مرچوں کے ساتھ بارہ بجے دن کو بارہ گھونٹوں میں بارہ دن پیے جائیں، کی قسم کے اتائی علاج بھی جاری تھے اور ان سے بھی کوئی فائدہ نہ تھا۔

اسی زمانے میں ضلع رائے بریلی کے موضع میں ایک مسیحا نفس کے ظہور کا غلغلہ بلند ہوا۔ معجز نمائی کی شہرت پر لگا کر اڑی اور والد صاحب تک پہنچ گئی۔ کچھ لوگوں نے اپنے اپنے تجربات بیان کئے اور سب سے زیادہ معتبر روایت والد صاحب کے ایک دوست لائے کہ "صاحب واقعی معجزہ ہے ایک مفلوج ڈولی میں پڑ کر شاہ صاحب کے پاس آیا اور ڈولی اپنے کندھے پر رکھ کر وہاں سے واپس گیا۔ ایک پیدائشی اندھا ٹٹولتا ہوا حضرت کے حضور میں لایا گیا اور حضور نے اس کے رخسار پر ایک طمانچہ جو دیا تو چودہ طبق روشن ہو گئے، آنکھیں کھل گئیں اور اب وہ آنکھ والا ہے۔" ایک اور صاحب نے مہر تصدیق ثبت کرتے ہوئے فرمایا "جناب! یہ تو یہ 'سرطان کا مریض اور اپریشن سے خائف' شاہ صاحب نے پھونک جو ماری تو پھوڑا ہوا میں اڑتا نظر آیا اور مریض کی جلد پر دھبہ تک باقی نہ رہا" ایک تیسرے صاحب نے شاہ صاحب کا معجزہ بیان کرتے ہوئے کہا "ہمارے ہاں تو صاحب متعدد تجربے ہو چکے ہیں۔ ملازمہ کا لڑکا تین سال سے لاپتہ تھا' شاہ صاحب سے فریاد کی' حضور سخت ناراض ہوئے کہ تو اندھی آنکھ کھول کے نہیں ڈھونڈتی' بغل میں بچہ اور شہر میں ڈھنڈورا۔ دیکھتی کیا ہے کہ اس کا لڑکا بغل میں کھڑا ہوا ہے۔ خود میرا واقعہ لے لیجئے وہی فوج داری کا مقدمہ جو تھا جس میں جیل کا دروازہ نظر آ رہا تھا ایک دم حضور کے اشارے پر ایسا پلٹا ہے کہ اپیل میں عدالت ماتحت کو ناک رگڑ کر معافی مانگنی پڑی مجھ سے۔" والد صاحب قبلہ کا اعتقاد بڑھتا ہی چلا گیا اور جو کسر تھی وہ والدہ صاحبہ کے اصرار نے پوری کر دی یہاں تک کہ یہ مادی مریض لکھنؤ سے ایک اچھے خاصے قافلے کے ہمراہ رائے بریلی روانہ ہوا تاکہ اس روحانی طریق علاج سے شفا کامل حاصل کرے۔

رائے بریلی سے دس میل کے فاصلے پر ایک اجڑے ہوئے سے گاؤں میں یہ مسیحا نفس ظہور میں آئے تھے اور وہ گاؤں آج کل اس قدر آباد نظر آتا تھا کہ خود رائے بریلی کی رونق بھی اس کے آگے گرد تھی۔ میلہ سا لگا ہوا تھا۔ میلوں کے حلقے میں دوکانیں' ڈیرے اور خیمے نظر آتے تھے۔ دور دور سے غرض مند اس چشمہ فیض سے سیراب ہونے کے لیے جوق در جوق چلے آ رہے تھے۔ مختصر یہ کہ عجیب چہل پہل تھی۔ شاہ صاحب کے متعلق مشہور یہ تھا کہ آج تک ان کا دیدار کسی کو نہیں ہوا۔ چہرہ مبارک زیر نقاب رہتا ہے۔ زیادہ

تر پانی میں انگشت شہادت ڈال دیتے ہیں اور پھر وہی پانی امرت بن جاتا ہے، کبھی کبھی نقاب کے نیچے سے ہی مریض پر دم بھی کر دیتے ہیں اور اگر کسی مریض کے سر پر ہاتھ پھیر دیا تو یہ سمجھ لینا چاہیے کہ اس کی نسل سے بیماریاں ہمیشہ کے لیے گئیں۔ حضور حسب حیثیت نذرانہ قبول کر لیتے ہیں اور پھر تمام وصول شدہ رقم کسی نہ کسی کار خیر میں صرف کر دیتے ہیں، خود بالکل بے غرض ہیں۔

بہرحال والد صاحب قبلہ جس وقت اس خاکسار کو لے کر شاہ صاحب کی بارگاہ میں باریاب ہوئے اس وقت بھی حسب دستور وہاں غرض مندان کا اژدحام تھا۔ ایک پر ایک سوار اور ہر ایک کی یہ تمنا کہ حضور کی خاص توجہ حاصل ہو جائے۔ کسی کے ہاتھ میں آبخورہ اور کسی کے ہاتھ میں باقاعدہ گھڑا۔ سطح سے بلند ایک برآمدے میں تخت پر وہ عیسٰی دوراں اپنے روحانی جبروت کے ساتھ بیٹھا تھا۔ گنودل اژدحام میں چند سفید پوشوں کو دیکھ کر خود حضور نے باآواز بلند کہا: "راستہ دو، ان صاحبان کو اوپر آنے دو۔" یہ اشارہ کافی تھا۔ لوگ ہٹ گئے اور ہم لوگ برآمدے میں پہنچ گئے۔ والد صاحب نے جاتے ہی نہایت اعتقاد کے ساتھ ایک اشرفی اور کچھ روپے نذر کیے تو شاہ صاحب نے اپنی روحانی زبان میں فرمایا: "خزانہ لٹا دو خزانہ ملے گا۔" معجزہ صرف اس میں اتنا ہے کہ غیر ارادی طور پر یہ مصرعہ بن گیا ہے اور مفہوم کے اعتبار سے صفر۔ بہر حال نذر قبول کرنے کے بعد ارشاد ہوا: "تانبے کے گگرے میں پانی لاؤ۔" ملازم گگرے میں جو وہاں کثرت سے فروخت ہو رہے تھے، تازہ پانی بھر لایا۔ شاہ صاحب نے انگشت شہادت تر کرنے کے بعد فرمایا: "جو کوئی بھی مریض ہو اس کو یہ پانی پلاؤ۔" جب پانی ختم ہونے لگے تو گلاب شاہ کا نام لے کر اور پانی اس میں ملا دو۔ مریض ٹھیک ہو جائے گا۔"

والد صاحب نے کہا: "حضور یہ بچہ مریض ہے۔ ہر علاج سے تھک کر آپ کے قدموں میں لایا ہوں۔" ارشاد ہوا بچے کو آگے بڑھاؤ۔ ہم آگے بڑھا دیے گئے تو شاہ صاحب نے اپنے دست مبارک سے سڑے ہوئے کھوئے کا نہایت مکروہ صورت کا ایک پیڑا ہمارے منہ میں دے دیا اور سر پر ہاتھ پھیر کر فرمایا: "چنگا ہو جائے گا۔"

والد صاحب کی مسرت نہ پوچھیے۔ ان کو گویا منہ مانگی مراد مل گئی۔ شاہ صاحب کے قدم چھو کر وہاں سے باغ باغ واپس آئے۔ دوسرے ساتھیوں نے مبارک باد دی کہ ایسی خاص توجہ آج تک اس دربار میں کسی کو حاصل نہیں ہوئی کہ حضور نے بچے کو خود شیرینی کھلائی اور سر پر ہاتھ پھیرا۔ سفر کی تمام صعوبت اس وقت عین راحت نظر آ رہی تھی۔ پانی

کا مقدس حصہ اور اس سڑے ہوئے پیڑے کا بقیہ حصہ جان کی طرح عزیز رکھتے ہوئے دوسرے دن والد صاحب اپنی کام یابی پر باغ باغ گھر پہنچے اور وہ روحانی دوا یعنی پانی ہم کو پلایا جانے لگا۔

جب پانی ختم ہونے لگتا تو اس میں دوسرا پانی ملا دیا جاتا اور روحانی علاج کا یہ ہومیوپیتھک طریقہ اس طرح مہینوں جاری رہا۔ اعتقاد کے ساتھ ہی ساتھ امراض اپنی جگہ پر قائم تھے۔ نہ بخار میں کوئی فرق تھا اور نہ ضعف معدہ میں۔ البتہ اس کو کرامت کہہ لیجئے یا معجزہ کہ اس سڑے ہوئے کھوئے کے پیڑے سے ضعف معدہ کے ایک پرانے مریض کو ہیضہ نہیں ہوا۔ اور یہ بھی کچھ اعجاز ہی تھا کہ ایسا مریض ہر قسم کی مادی دوا سے بے نیاز رہ کر محض اس روحانی پانی کے زور پر چل رہا تھا اور اگر صحت حاصل نہیں ہوئی تھی تو بھی کیا کم تھا کہ وہ مرا نہیں۔

باوجود علالت کے اس قیام اور روحانی پانی کی اس بے اثری کے، اعتقاد کے معاملے میں والد صاحب ابھی تک پختہ تھے۔ آخر کار چند مہینوں کے بعد طے یہ کیا گیا کہ ہم لوگ پھر شاہ صاحب کی خدمت میں باریاب ہوں اور پھر ان کی توجہ حاصل کی جائے۔ چنانچہ اسی انتظام کے ساتھ اور وہی گگرا ساتھ لے کر اب جو پہنچے اس موضع میں تو وہاں الو بول رہا تھا۔ پتہ چلا کہ ع

وہ جو بیچتے تھے دوائے دل وہ دکان اپنی بڑھا گئے

تحقیقات کی تو معلوم ہوا کہ رائے بریلی کے ضلع میں یہ رحمت، حسنو ڈاکو کی صورت میں ایک مستقل زحمت کے ساتھ ساتھ نازل ہوئی تھی۔ سینکڑوں خون اس ڈاکو نے کر ڈالے۔ ہزاروں گھر برباد کر دیے۔ خود شاہ صاحب کے پاس حسنو کے مظالم کے فریادی آئے اور یہ شاہ صاحب ہی کا فیض تھا کہ آخر کار پولیس حسنو کو گرفتار کرنے میں کامیاب ہو گئی یعنی شاہ صاحب پکڑے گئے اور آج کل جیل میں اپنی روحانی قوتوں سے چکی چلا رہے ہیں۔

والد صاحب تو محض لاحول پڑھ کر رہ گئے مگر بچپن کے اس واقعے کا اثر اس خاکسار پر اب تک باقی ہے۔ اس میں شک نہیں کہ روحانی طریق علاج ہے ضرور ایک چیز اور بہت بڑی چیز ہے مگر پولیس کی تحقیقات کے بعد تا کہ بعد میں لاحول نہ پڑھنی پڑے۔ "روحوپیتھی" کی حد "ڈکیتی" سے متصل ہے اور اسی اتصال سے ڈر معلوم ہوتا ہے۔

(بہ شکریہ "ہمدرد صحت")

شدید ورم جگر HEPATITIS_A

ڈاکٹر خالد رشید ساگر (آسٹریلیا)

Hepatitis جگر کی سوجن کو کہا جاتا ہے۔ اس کے پھیلنے کی وجوہات میں Virus، شراب، نشہ آور اشیا کا استعمال اور مختلف کیمیکلز شامل ہیں۔ اس کے علاوہ ایک بڑا سبب Hepatitis 'A' نامی جرثومہ بھی ہے۔ اس کا مریض سب سے پہلے بے آرامی محسوس کرتا ہے۔ درد، بخار، بھوک کی کمی، قے کرنے کی خواہش اور پیٹ درد اس کی نشانیاں ہیں۔ پیشاب کرنے میں تکلیف اور پیشاب کا رنگ بدل جاتا ہے اور کچھ دنوں کے بعد صفرا کا مرض گھیر لیتا ہے جس میں جلد اور آنکھوں کا رنگ پیلا پڑ جاتا ہے۔یہ بیماری عموماً ایک سے تین ہفتوں کے دوران میں اپنا Cycle پورا کرتی ہے۔ پانچ سال سے کم عمر کے بچے اس کا شکار ہو جائیں تو ان میں یہ تمام علامات نہیں پائی جاتیں۔ البتہ وہ پیٹ کی خرابی کی معمولی شکایت کر سکتے ہیں۔ Hepatitis A کی وجہ سے جگر کی کوئی بڑی تکلیف نہیں ہو سکتی۔ جرثومے کا شکار ہونے کے وقت سے علامات کے پورے طور پر پھیلاؤ کو عام طور پر ایک مہینہ لگتا ہے لیکن دو سے لے کر سات ہفتے بھی لگ سکتے ہیں۔ اس کے شکار مریض یہ

Virus علامات کے ظاہر ہونے سے دو ہفتے قبل اور صفرا کے پیدا کے پیدا ہونے کے ایک ہفتہ بعد تک بھی دوسروں کو منتقل کر سکتے ہیں۔ بیماری کے دوران مریض کے پیشاب اور پاخانے میں جراثیم کی بھاری تعداد پائی جاتی ہے۔ اس سے بچاؤ کی تدابیر میں مندرجہ ذیل احتیاطیں کرنی چاہئیں۔

☆ خوراک اور برتن جن کو مریض نے چھوا ہو ان کو خوب صاف کیا جائے۔

☆ مریض کے اتارے ہوئے کپڑے اور استعمال میں آنے والی اشیاء چادریں، تولیے وغیرہ کو اچھی طرح مطہر کیا جائے۔

☆ مریض سے جنسی اتصال سے پرہیز کیا جائے۔

اس مرض کا جرثومہ کئی ہفتوں تک اور پانی میں سو دن تک زندہ رہ سکتا ہے۔ ایک دفعہ Hepatitis A ہو جائے تو جسم میں Antibodies پیدا ہو جاتی ہیں اور دوبارہ یہ مرض اس مریض کو نہیں لگتا۔ Hepatitis A، Hepatitis B اور Hepatitis C مختلف نوع کے جراثیم کی وجہ سے لگتے ہیں۔ اگر کسی ایک نوع کا Hepatitis ہو جائے تو یہ دوسری نوع کے Hepatitis سے بچاؤ نہیں کراتا۔

ہومیوپیتھی میں چونکہ بیماریوں کے نام نہیں رکھے جاتے اور علامات کے مطابق علاج کیا جاتا ہے اس لیے علامات مختلف ہوں تو مختلف دوا تجویز کی جاتی ہے۔ مثال کے طور پر اگر جھاگدار پیشاب پیلا رنگ لئے ہوئے ہو، آنکھیں میلی اور پیلی ہوں، جلد پر صفرا نظر آئے، پاخانہ بھی پیلا ہو، جگر بڑا ہو گیا ہو، گرم خوراک اور غذا کھانے کو دل کرے، کھانا کھانے سے وقتی آرام آئے تو چیلی ڈونیم دوا ہو گی۔ اگر بھوک میں نمایاں کمی ہو، جگر بڑا ہو جائے، یرقان پرانا ہو جائے، جگر کے مقام پر ہاتھ نہ رکھا جا سکے، ذیابیطس کی صورت میں پیشاب میں شکر کا اخراج ہو رہا ہو، زبان پیلی پڑ گئی ہو تو CHIONANTHUS دوا ہو گی۔

اس کے علاوہ کالی کارب، مرک سال، نکس وامیکا، اور فاسفورس بھی علامات کے مطابق دی جاتی ہیں۔

کولیسٹرول

مجرم یا ملزم؟

ٹیلی فون اور فلش ٹوائلٹ زیادہ ہوں گے تو امراض قلب بھی زیادہ ؟

جے ڈی ریڈ کلف ۔ عبدالسلام

طب کی دنیا میں جس مسئلے پر سب سے زیادہ گفت و شنید ہوتی ہے وہ خون میں کولیسٹرول کی موجودگی ہے جس کی وجہ سے ایک انسان کے امراض قلب میں مبتلا ہونے کے امکانات خاصے بڑھ جاتے ہیں۔ یہ بیماری اس قدر سنگین ہے اور اس کی وجہ سے ترقی یافتہ ممالک میں اس قدر اموات ہوتی ہیں کہ دوسری تمام بیماریوں سے ہونے والی اموات بھی اس تعداد سے کم ہی رہتی ہیں۔ اُس سلسلے میں ہمیں اس بات کا جائزہ بھی لینا ہوگا کہ کریم و گوشت اور انڈوں جیسی غذائیت جن میں کولیسٹرول کی مقدار خاصی زیادہ ہوتی ہے ان کا استعمال کم کر کے اپنے آپ کو غیر سیر شدہ چکنائیوں مثلاً سویا بین اور سبزیوں کے تیل تک محدود کرنے سے کیا یہ ممکن ہے کہ ہم اس بیماری کے برے اثرات

سے محفوظ رہ سکیں؟

اس بات کا یقین کرنا بڑا مشکل ہے کہ کولیسٹرول کس حد تک انسانی جسم میں امراض قلب کا سبب بن سکتا ہے۔ اس بارے میں ماہرین میں متضاد آرا پائی جاتی ہیں۔ ایک طرف ڈاکٹر اور ماہرین نفسیات اس بارے میں خاصے پر امید دکھائی دیتے ہیں کہ انسانی خوراک میں کولیسٹرول کم کرنے والی چیزیں انسانی جسم میں امراض قلب کے حملے کے خلاف ایک موثر روک تھام کی حیثیت رکھتی ہیں۔ اس کے بر عکس کچھ ڈاکٹر اس بارے میں بے یقینی کا شکار ہیں۔ ان کے خیال میں "اس بات کی کوئی ضمانت نہیں دی جا سکتی کہ کم کولیسٹرول پیدا کرنے والی غذاؤں کا استعمال یقینی طور پر انسان کو امراض قلب سے محفوظ کر دے گا" ان حالات میں ایک عام آدمی کے لیے کسی نتیجے پر پہنچنا مشکل ہو جاتا ہے کہ وہ کیا طریقہ اختیار کرے کہ اس کے مضرات سے مکمل طور پر محفوظ رہ سکے۔ اس مسئلے کے حل کے لیے اسے بہت باریک بینی سے ایسے عناصر کی اثر کاری کا جائزہ لینا ہوگا۔

کولیسٹرول اپنی خالص شکل میں سفید رنگ کے پاؤڈر جیسا مرکب ہوتا ہے۔ شریانوں میں دوسری چیزوں کے ساتھ مل کر یہ موم جیسے پیلے رنگ کا نظر آتا ہے اور یہ عنصر جسم کے ہر خلیئے میں موجود ہوتا ہے۔ دماغ' ریڑھ کی ہڈی اور اعصاب میں اس عنصر کی مقدار مقابلتاً زیادہ ہوتی ہے۔ انسانی دماغ میں کولیسٹرول دماغ کے وزن کا دس فی صد ہوتا ہے۔

کولیسٹرول انسانی جسم میں بطور خام مال کام کرتا ہے۔ یہ جسم میں وٹامن ڈی' جنسی ہارمونز اور ہاضم ترشے پیدا کرنے کا موجب ہوتا ہے۔ اگر انسانی خوراک میں سے کولیسٹرول پیدا کرنے والی غذاؤں کو بالکل خارج بھی کر دیا جائے تو بھی یہ عنصر دوران خون میں گردش کرتا رہتا ہے۔ اس صورت میں جگر اس عنصر کی افزائش کا موجب بنتا ہے۔ اس عنصر کی انسانی جسم میں ہمہ وقت موجودگی اس بات کا یقینی ثبوت نہیں کہ یہ عنصر واقعی جسم میں فساد پیدا کرتا ہے لیکن اس صورت میں یہ عنصر نسل انسانی کے لیے خطرے کا باعث ہے جب یہ شریانوں کی دیواروں پر جمنا شروع ہو جاتا ہے بالخصوص ان شریانوں میں جن کا تعلق براہ راست انسانی قلب سے ہوتا ہے۔ تو جیسے جیسے جسم میں کولیسٹرول کی مقدار بڑھتی جاتی ہے اس سے شریانوں کی دیواریں کھردری ہونا شروع ہو جاتی ہیں اور خون کے جمے ہوئے ٹکڑے ان میں زخم پیدا کرنے کا موجب بننے لگتے ہیں حتیٰ کہ شریانیں مکمل طور

پر بند ہو جاتیں ہیں۔ جب یہ عمل دل کو جانے والی شریانوں میں ہوتا ہے تو اس صورت میں دل کا حملہ یعنی "ہارٹ اٹیک" ہوتا ہے۔ اگر یہ عمل دماغ کو جانے والی شریانوں میں واقع ہو تو پھر یہ مرگی پیدا کرنے کا موجب بنتا ہے۔

۱۹۱۳ء میں ایک روسی محقق اینتشکوف نے پالتو خرگوشوں کو کولیسٹرول سے بھرپور خوراک استعمال کروائی۔ اس تجربے سے یہ بات سامنے آئی کہ ان خرگوشوں کی شریانوں میں جمنے والا چربیلا مادہ اس چیز سے مطابقت رکھتا تھا جو امراض قلب کے حملے کا شکار ہونے والے افراد کی دل کی طرف جانے والی شریانوں میں پایا گیا تھا۔ اس بات نے دنیا بھر کے ماہرین قلب کو چونکا دیا اور انہوں نے اپنی تحقیق کا رخ اس جانب موڑ دیا۔ ماہرین خون میں پائی جانے والی چکنائیوں اور دوسرے چربیلے اجزا کا معائنہ کرنے میں مصروف ہو گئے۔ کولیسٹرول نے اس ضمن میں زیادہ توجہ حاصل کر لی کیونکہ خون میں اس عنصر کی موجودگی کی جانچ کرنے کا نسبتاً آسان طریقہ موجود تھا۔

دنیا بھر میں اس نوع کے ہونے والے ٹیسٹوں سے ایک بات یقینی طور پر واضح ہوئی کہ وہ ممالک جہاں جانوروں کے جسم سے حاصل شدہ چکنائیوں کا زیادہ استعمال ہوتا ہے وہاں لوگوں میں کولیسٹرول کی مقدار بھی زیادہ ہوتی ہے اور اس کے نتیجے میں امراض قلب سے ہونے والی اموات بھی زیادہ ہوتی ہیں۔ اس چیز کو اس طرح بھی واضح کیا جا سکتا ہے کہ جاپان میں جہاں لوگ زیادہ تر کم کولیسٹرول کی حامل غذا یعنی چاول اور مچھلی کا استعمال کرتے ہیں وہاں قلب کے مریضوں کی تعداد امریکہ کی نسبت دس گنا کم ہے تاہم وہ جاپانی لوگ جو جاپان سے کیلی فورنیا منتقل ہو گئے اور وہاں انہوں نے کولیسٹرول سے بھرپور امریکن غذا استعمال کرنی شروع کر دی تو اس سے ان میں قلب کے امراض میں مبتلا ہونے کا گراف تیزی سے بڑھنا شروع ہو گیا۔

اسی طرح کی صورت حال جنوبی اٹلی میں بھی دیکھنے میں آئی۔ وہاں غذا میں زیادہ تر سبزیوں سے حاصل کردہ تیل استعمال ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ سٹارچ Starch اور پھل استعمال ہوتے ہیں (اور یہ تمام چیزیں بہت کم سیر شدہ چکنائی کی حامل ہوتی ہیں) وہاں امریکہ کی نسبت امراض قلب کے مریضوں کی تعداد ایک تہائی کے قریب کم تھی۔ امریکی شہری عموماً اپنی روز مرہ خوراک سے حاصل کردہ حراروں کا چالیس فی صد چکنائی سے حاصل کرتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ وہاں امراض قلب کے مریضوں کی تعداد نہ ہونے کے برابر ہے۔

امراض قلب کے بارے میں ہونے والی تحقیق سے کئی اور بنیادی حقیقتوں کا پتہ چلا۔ ان لوگوں میں جن میں خون کی ۱۰۰ سی سی مقدار میں ۲۴۴ ملی گرام یا اس سے زائد کولیسٹرول کی مقدار موجود ہو ان میں امراض قلب میں مبتلا ہونے کی تعداد تین گنا ہوتی ہے بہ نسبت ان لوگوں کے جن کے خون میں کولیسٹرول کی مقدار ۲۱۰ ملی گرام یا اس سے کم ہو۔

اس تحقیق اور اسی نوع کی ہونے والی دیگر تحقیقات نے یہ بات یقینی طور پر ثابت کر دی ہے کہ وہ غذا جس میں گوشت اور ڈیری کی بنی ہوئی مصنوعات شامل ہوں لازمی طور پر خون میں کولیسٹرول کی مقدار کو بڑھانے کا سبب بنتی ہے اور یہی چیز بالآخر امراض قلب کا باعث بنتی ہے۔ دوسری تحقیقات نے بھی اس امر کی شہادت دی ہے کہ ڈیری کی بنی ہوئی مصنوعات ترک کر کے سبزیوں کے تیل کا استعمال خون میں کولیسٹرول کی مقدار میں ۲۰ فی صد کمی کا باعث بنا ہے۔ بہت سے لوگوں کے لیے یہ امر حد درجہ تقویت کا باعث ہے اور انہوں نے اپنی روز مرہ غذا میں کولیسٹرول پیدا کرنے والی غذاؤں کے استعمال میں کمی کر کے امراض قلب سے محفوظ رہنے کا راستہ ڈھونڈ لیا ہے۔ ڈبوں میں بند خوراک تیار کرنے والوں نے بڑی تیزی سے اپنی مصنوعات میں سبزیوں سے حاصل کردہ کئی قسم کی غیر سیر شدہ چکنائیوں کا استعمال شروع کر دیا ہے کیونکہ بعض لوگوں نے اب مکھن اور کریم کا استعمال کم کر دیا ہے۔

اس تمام تر تحقیق کے باوجود محتاط قسم کے محقق حضرات ابھی تک اس تحقیق کو من و عن قبول کرنے کے لیے تیار نہیں کیونکہ ابھی تک بہت سے سوالات کے جوابات تشنہ طلب ہیں، مثلاً اگر مندرجہ ذیل تحقیق کو درست بھی مان لیا جائے تو پھر بندش حیض سے قبل عورت کے اس مرض میں مبتلا ہونے کے امکانات اپنے خاوند کی نسبت کم کیوں ہوتے ہیں حالانکہ ان دونوں کی خوراک کا معیار بھی یکساں نوعیت کا ہوتا ہے اور اس بات کی کیا وجہ ہے کہ حمل کے دوران خون میں کولیسٹرول کی مقدار بڑھ جاتی ہے حالانکہ یہ وقت ایسا ہوتا ہے جب امراض قلب میں مبتلا ہونے کے امکانات خاصے معدوم ہوتے ہیں۔

اس قسم کی درجنوں تحقیقات متضاد قسم کے حقائق کو ظاہر کرتی ہیں، مثلاً ڈاکٹر فریڈرک آف ہارورڈ یونیورسٹی نے ٹرنٹی کالج ڈبلن کے ڈاکٹر ڈبلیو جے۔ ای کے ساتھ مل کر تحقیق شروع کی۔ پانچ سو کے لگ بھگ بھائیوں کے ایسے جوڑوں کا جائزہ لیا گیا جن میں،

سے ایک بھائی ہجرت کر کے بوسٹن چلا گیا جبکہ دوسرا بھائی آئرلینڈ میں ہی مقیم رہا۔ اس تحقیق سے بڑے حیران کن نتائج حاصل ہوئے۔ بوسٹن میں موجود بھائیوں میں امراض قلب میں مبتلا ہونے کی زیادہ شرح دیکھنے میں آئی بہ نسبت ان بھائیوں کے جو آئرلینڈ میں مقیم تھے حالانکہ وہ لوگ جو آئرلینڈ میں مقیم تھے وہ جانوروں سے حاصل شدہ چکنائیوں اور مکھن کی زیادہ مقدار استعمال کرتے تھے۔ اس بات کی توجیہ اس طرح سے کی جا سکتی ہے کہ ان دونوں گروپوں میں آئرلینڈ میں مقیم بھائی زیادہ ورزشی اور کام' مثلاً کھیتی باڑی وغیرہ کرتے تھے اور بڑی چست اور فعال قسم کی زندگی گزارتے تھے جبکہ بوسٹن میں مقیم بھائی ڈرائیور تھے یا زیادہ تر کرسی میز پر بیٹھ کر کام کرتے تھے۔

